# Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad.

Date: 07 October-2023

Time: 09:00-09:10 am

**آ کاشوانی اورنگ آباد**

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷/اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ سرکاری اسپتالوں کا کوئی بھی عہدہ خالی نہیں رہنا چاہیے: بامبے ہائی کورٹ کی ریاستی حکومت کو سخت ہدایت۔

☆ کنبی -مراٹھا ذات صداقت ناموں کی تقسیم سے متعلق تشکیل کی گئی کمیٹی آئندہ 11 اکتوبر سے چھترپتی سنبھا جی نگر ڈویژن کے دورے پر۔

☆ دودھ دینے والے جانوروں کیلئے ریاست میں تجرباتی طور پر چھ Embreyo ٹرانسپلانٹ لیباریٹریز کے قیام کا فیصلہ۔

☆ بھارت کو ایشیائی کھیلوں کے ہاکی مقابلے میں ایک اور تیر اندازی مقابلے میں دو سونے کے تمغے اور۔۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

بامبے ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو سخت ہدایت دی ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹروں اور معاون عملے کا کوئی بھی عہدہ خالی نہیں رہنا چاہیے۔ عدالت نے حالیہ دِنوں میں دو سرکاری اسپتالوں ہوئی بڑی تعداد میں اموات کے بعد ریاستی حکومت کو نوٹس جاری کیا' جس پر کل عدالت میں سماعت کی گئی۔ عدالت نے حکومت کو دو ہفتوں کے اندر مہاراشٹر میڈیکل سپلائی پروکیورمنٹ اتھاریٹی کے CEO کی تقرری کرنے کی بھی ہدایت دی۔ عدالت نے سماعت کے دوران حکومت سے سوال کیا کہ اُس کے پاس صحتِ عامہ کی خدمات کو مستحکم کرنے کیلئے کیا منصوبہ ہے؟ اس معاملے کی سماعت 30 اکتوبر کو ہوگی۔

***** ***** *****

مراٹھا-کنبی یا کنبی -مراٹھا ذاتوں کے صداقت ناموں کی تقسیم کی خاطر طریقۂ کار طئے کرنے کیلئے تشکیل دی گئی کمیٹی کے صدر سبکدوش جج سندیپ شندے اور دیگر اراکین آئندہ 11 تا 23 اکتوبر کے دوران چھترپتی سنبھا جی نگر ڈویژن کے ضلعوں کا دورہ کریں گے۔ عام انتظام کے محکمے نے ڈویژنل کمشنر کو خط لکھ کر یہ اطلاع دی۔ اس کمیٹی کی پہلی میٹنگ چھترپتی سنبھا جی نگر میں 11 اکتوبر کو' جالنہ 12 اکتوبر' پربھنی 16' ہنگولی 17' ناندیڑ 18' لاتور 21' دھاراشیو 22' اور 23 اکتوبر کو بیڑ میں منعقد کی گئی ہے۔ یہ میٹنگ صبح گیارہ بجے چھترپتی سنبھا جی نگر میں واقع ڈویژنل کمشنر دفتر میں جبکہ دیگر اضلاع میں کلکٹر دفاتر میں ہوگی۔ ضلع میں ان صداقت ناموں کے اہل امیدواروں سے اس موقع پر کمیٹی کے روبرو نظام عہد کے ثبوت' شجرۂ نسب' تعلیمی دستاویزات' محکمۂ محصول کے ثبوت' نظام حکومت کے دور کے صداقت نامے پیش کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے شرد پوار گروپ نے مرکزی انتخابی کمیشن کے روبرو دعویٰ کیا ہے کہ پارٹی میں کوئی تنازعہ نہیں ہے اور شرد پوار پارٹی کے قومی صدر ہیں۔ شرد پوار گروپ نے بتایا کہ پارٹی کے 99 فیصد کارکنان شرد پوار کے ساتھ ہیں۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ اجیت پوار گروپ نے جھوٹے اور ناکافی کاغذات پیش کر کے پارٹی میں تنازعہ ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اس معاملے کی آئندہ سماعت پیر کو ہوگی، جس میں اجیت پوار گروپ کا مؤقف جانا جائے گا۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے سمیت شیوسینا کے 16 ارکانِ اسمبلی کی نااہلیت معاملے میں آئندہ 3 نومبر کو سماعت کرے گی۔ اُدّھو ٹھاکرے گروپ کے رکنِ اسمبلی سنیل پربھو نے اس معاملے میں سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا اور الزام عائد کیا تھا کہ اسمبلی اسپیکر نااہلی کی درخواست کا فیصلہ کرنے میں ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں۔ دوسری جانب قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر راہل نارویکر نے اس معاملے کی سماعت کے شیڈول کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

امدادِ باہمی محکمے کے ریاستی وزیر دلیپ وڑسے پاٹل نے یقین دہانی کرائی ہے کہ چھترپتی سنبھاجی نگر کی آدرش کوآپریٹیو سوسائٹی میں جمع رقم کھاتے داروں کو واپس کرنے کیلئے مناسب طریقہٗ کار اختیار کیا جائیگا۔ وزیرِ موصوف کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں صحافیوں سے بات کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اس طرح کے کئی معاملے سامنے آرہے ہیں جس سے امدادِ باہمی محکمے کی بدنامی ہورہی ہے۔ انھوں نے امدادِ باہمی کمشنر کو ان معاملات میں کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

حیوانات اور دودھ کی ترقی کے ریاستی وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے کہا کہ دودھ دینے والے جانوروں کیلئے تجرباتی بنیادوں پر چھ Embreyo ٹرانسپلانٹ لیباریٹریز قائم کی گئی ہیں۔ ان تجزیہ گاہوں کے قیام کا فیصلہ گائے کے دیسی نسلوں کے تحفظ اور فروغ کی خاطر کیا گیا ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر سمیت کُل چھ محصول ڈویژن میں اس طرح کی تجزیہ گاہیں تجرباتی بنیاد پر شروع کی جارہی ہیں۔ ان تجزیہ گاہوں کے ذریعے اس سلسلے کی خدمات موبائل گاڑیوں کے ذریعے کسانوں کے گھروں تک براہِ راست پہنچائی جائیں گی۔

***** ***** *****

زراعت کے ریاستی وزیر دھننجے منڈے نے ہدایت دی ہے کہ کسانوں کو بہترین معیار کے بیج' کھاد اور کیڑے مار دوائیں فراہم کرنے کی ذمہ داری بنانے والی کمپنی اور زرعی ساز و سامان فروخت کرنے والوں کی جانب سے سختی سے ادا کی جانی چاہیے۔ وزیرِ موصوف کل پنڈھرپور میں ریاستی سطح کے زرعی ساز و سامان کے دکانداروں کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے خبردار کیا کہ اگر زرعی اشیاء بنانے والی کمپنیوں کے ذریعے فراہم کردہ بیجوں' کھاد اور کیڑے مار ادویات سے کسانوں کو نقصان ہوا تو ان کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔

***** ***** *****

وزارتِ خزانہ کے مرکزی وزیرِ مملکت ڈاکٹر بھاگوت کراڑ اور امدادِ باہمی کے ریاستی وزیر دلیپ وڑسے پاٹل کی موجودگی میں کل چھترپتی سنبھاجی نگر کے سرکاری میڈیکل کالج اور اسپتال کیلئے جائزاتی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس میٹنگ میں ادویات کی فراہمی' میڈیکل افسران اور دیگر عملے کی دستیابی سے متعلق تبادلۂ خیال کیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے سرکاری اسپتال میں گذشتہ 4 تا 5 اکتوبر تک 24 گھنٹوں کے دوران 11 افراد کی موت ہوگئی۔ ساتھ ہی 134 مریض صحت یاب ہوکر گھر چلے گئے۔ اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر گنیش مانور کرنے یہ اطلاع دی۔ اسی بیچ سابق وزیرِ اعلیٰ اشوک چوہان نے اسپتال میں صحت کی خدمات کو بہتر بنانے اور مریضوں کی تکلیف کو دور کرنے پر توجہ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے نشاندہی کی کہ کانگریس رکنِ اسمبلی موہن ہمبرڈے نے قانون ساز اسمبلی کے گذشتہ سرمائی اجلاس کے دوران ناندیڑ کے سرکاری اسپتال کی تکالیف کے بارے میں ایوان کو تفصیلی معلومات دی تھی۔

***** ***** *****

لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے کل ضلع کے وِلاس راؤ دیشمکھ طبّی کالج اور اسپتال میں صحت خدمات کا جائزہ لیا۔ انھوں نے اسپتال میں ضروری سہولیات، دستیاب دواؤں کے ذخیرے سے متعلق معلومات حاصل کی۔ انھوں نے اسپتال کے بیت الخلاؤں کا بھی معائنہ کیا۔

***** ***** *****

قانون ساز کاؤنسل میں حزبِ اختلاف کے رہنماء امبا داس دانوے نے سوال کیا کہ ٹماٹر اور پیاز کی قیمتوں کو کنٹرول میں لانے والی مرکزی حکومت نے ان دو زرعی اجناس کی قیمتوں میں کمی کے بعد کسانوں کے فائدے کیلئے کیا اقدامات کیے ہیں۔ موصوف کل چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن تعلقے کے لوہ گاؤں میں ''ہووُ دِیا چرچا'' نامی پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

تعلیم یافتہ بے روزگاروں نے کل ناندیڑ ضلع کلکٹر دفتر پر ریاستی حکومت کی جانب سے منظور کی گئی کانٹریکٹ بھرتی کے خلاف مورچہ نکالا۔ پرائیویٹائزیشن اور کانٹریکٹ بھرتی کے خلاف تشکیل کی گئی ایکشن کمیٹی کے زیرِ اہتمام طلباء کی بڑی تعداد نے اس جلوس میں شرکت کی۔

***** ***** *****

گذشتہ روز حیدرآباد میں کھیلے گئے عالمی کپ یک روزہ کرکٹ مقابلے میں پاکستان نے ہالینڈ کو 81 رنوں سے شکست دے دی۔ پاکستانی ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 286 رن بنائے۔ جواب میں ہالینڈ کی ٹیم 41 ویں اوور میں 205 رنز بناکر آل آؤٹ ہوگئی۔ ان مقابلوں میں بھارت کا پہلا میچ کل آسٹریلیاء کے خلاف چنئی میں کھیلا جائیگا۔

***** ***** *****

ایشیائی کھیلوں میں آج صبح بھارت نے 100 تمغے جیتنے کا مرحلہ پار کرلیا۔ آج صبح خواتین کے کبڈی مقابلوں میں بھارت نے سونے کا تمغہ جیتا۔ ان مقابلوں میں یہ بھارت کا 100 واں تمغہ تھا۔ ایشیائی کھیلوں میں یہ بھارت کی سب سے بہترین کارکردگی ہے۔ بھارت 25 سونے، 34 چاندی اور 40 کانسے کے تمغوں کے ساتھ میڈل درجہ بندی میں چوتھے مقام پر ہے۔

آج صبح تیراندازی کے کمپاؤنڈ زمرے کے ذاتی مقابلے میں بھارت کے جیوتی سورنا اور اوجس دیوتڑے نے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ ان مقابلوں میں دونوں کھلاڑیوں کے یہ تیسرے سونے کے تمغے ہیں۔ اسی تیراندازی مقابلے میں ابھیشیک ورما اور ادیتی گوپی ناتھ نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ ساتھ ہی بھارت نے تیراندازی کے مردوں کے رِکروزمرے میں چاندی کا تمغہ اور خواتین تیراندازی ٹیم نے مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ وہیں بیڈمنٹن میں ایچ ایس پرنائے نے 57 کلوگروم وزن زمرے کی فری اسٹائل کشتی مقابلے میں اَمن نے، خواتین کے 73 کلو وزن زمرے کے کشتی مقابلے میں کرن نے اور خواتین کے 62 کلو وزن زمرے میں سونم نے کانسے کے تمغے حاصل کیے۔ ساتھ ہی Kik Volley Ball مقابلے میں بھارتی خواتین ٹیم نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ سرکاری اسپتالوں کا کوئی بھی عہدہ خالی نہیں رہنا چاہیے: بامبے ہائی کورٹ کی ریاستی حکومت کو سخت ہدایت۔

☆ کنبی - مراٹھا ذات صداقت ناموں کی تقسیم سے متعلق تشکیل کی گئی کمیٹی آئندہ 11 اکتوبر سے چھتر پتی سنبھاجی نگر ڈویژن کے دورے پر۔

☆ دودھ دینے والے جانوروں کیلئے ریاست میں تجرباتی طور پر چھ Embreyo ٹرانسپلانٹ لیباریٹریز کے قیام کا فیصلہ۔

اور۔۔ ☆ بھارت کو ایشیائی کھیلوں کے ہاکی مقابلے میں ایک اور تیر اندازی مقابلے میں دو سونے کے تمغے

***** ***** *****